# 05-11-2024 TUESDAY URDU NEWS BUELLTIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس اس مہینے کی پچیس تاریخ کو شروع ہوگا۔ جو بیس ڈسمبر تک جاری رہے گا۔

......ہندوستان اگلے ماہ آندھراپردیش کے سری ہری کوٹہ خلائی اسٹیشن سے PROBA-3 نامی یوروپی خلائی ایجنسی مشن کو لانچ کرے گا۔

......ریاستی وزیرصحت دامودار راج نرسمہا نے آج اسٹریٹ فوڈ وینڈرس۔ راستوں پر کھانا فروخت کرنے والوں سے کہا ہے کہ وہ کھانے کے معیار اور حفظان صحت کو برقرار رکھیں۔

......بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راو نے آج ریاستی حکومت سے آٹو رکشا ڈرائیوروں کے حالت زار کو بہتر بنانے کے لئے فوری اقدامات کرنے کا حکومت سے مطالبہ کیا۔

......حیدرآباد ٹریفک پولیس نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے رائش ڈرائیورس اور گاڑی چلانے والوں پر نظر رکھنے کے لئے خصوصی مہم کا آغاز کیا ہے۔

## PARLIAMENT SESSION

پارلیمنٹ کا سرمائی اجلاس اس مہینے کی پچیس تاریخ کو شروع ہوگا۔ جو بیس ڈسمبر تک جاری رہے گا۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے سوشیل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ چھبیس نومبر کو سودھان سدن کے سنٹرل ہال میں آئین کی پچھترویں سالگرہ منائی جائے گی۔

## JITENDRA CONCLAVE

سائنس وٹکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ہندوستان اگلے ماہ آندھراپردیش کے سری ہری کوٹہ خلائی اسٹیشن سے PROBA-3 نامی یوروپی خلائی ایجنسی مشن کو لانچ کرے گا۔ یہ مشن سورج کے شمسی کنارے کے قریب سے اہم معلومات حاصل کرے گا۔ آج نئی دہلی میں انڈین اسپیس کنکلیو 3.0 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اس بات پر بھی اظہار خیال کیا کہ ملک کا تقریباً ہر شعبہ خلائی ٹکنالوجی کا استعمال کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلائی ٹکنالوجی نیویگیشن ،سٹلائٹ امیجنگ ۔ٹررین میاپنگ ۔ وغیرہ کے ذریعہ اسمارٹ شہروں کو کئی ایک فائدے حاصل ہوں گے۔ وزیر موصوف نے آنے والے برسوں میں عالمی خلائی معیشت میں شراکت کو دو فیصد سے بڑھا کر دس فیصد تک لے جانے کے ملک کے ویژن پر بھی روشنی ڈالی۔

## FOOD SAFETY

ریاستی وزیرصحت دامودار راج نرسمہا نے آج اسٹریٹ فوڈ وینڈرس۔ راستوں پر کھانا فروخت کرنے والوں سے کہا ہے کہ وہ کھانے کے معیار اور حفظان صحت کو برقرار رکھیں۔ اور حیدرآباد کی برانڈ امیج کو خراب ہونے نہ دیں۔ انہوں نے حیدرآباد میں اسٹریٹ فوڈ فرشوں کو فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹانڈرڈ اتھاریٹی آف انڈیا (ایف اے ایس ایس آئی) کے لائسنس اور رجسٹریشن کے سرٹیفکٹس حوالے کئے۔ اس موقع پر بات

کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ ریاست میں جلد ہی فوڈ سیفٹی میکانزم کو مضبوط کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ورنگل ۔نظام آباد اور محبوب نگر میں تین فوڈ سیفٹی لیباریٹریز قائم کی جائیں گی ۔جبکہ کھانے کے معیار سے متعلق شکایت کو دور کرنے کے لئے ضلع کلکٹریٹس میں خصوصی سیل قائم کئے جائیں گے اور بدلتی ضروریات کے پیش نظر فوڈ کوالٹی انسپکٹرس کی تعداد میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔وزیر موصوف نے مزید کہا کہ پانچ موبائل فوڈ ٹسٹنگ لیابس بھی دستیاب کرائے جائیں گے۔

PHASE II

مرکزی حکومت نے اشیائے خوردنوش کی قیمتوں کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ کسانوں کے لئے مناسب قیمت کے حصول کے اقدامات کو یقینی بنانے کے لئے کئی ایک اہم اقدامات کئے ہیں۔اس سمیت میں مرکزی امور صارفین ،خوراک ۔اورعوامی تقسیم کے وزیر پرہلاد جوشی نے آج نئی دہلی میں بھارت برانڈ چاول اور آٹا کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا۔ واضح رہے کہ بھارت برانڈ آٹا تیس روپئے فی کلواور بھارت برانڈ کے چاول چونتیس روپئے فی کلوخریدے جاسکتے ہیں۔بعدازاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جوشی نے کہا کہ عام صارفین کی فلاح و بہبود کے لئے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کے سلسلے میں یہ ایک اہم سنگ میل ہے۔

CM

چیف منسٹر اے ریونت ریڈی اس ماہ کی آٹھ تاریخ کو اپنی سالگرہ کے موقع پر نلگنڈہ ضلع میں موسی ندی کے راستے پر چھ کلومیٹر کی واک تھان میں حصہ لیں گے۔وزیراعلی اوران کے افراد خاندان اس موقع پر یدادری بھونگیر ضلع میں نرسمہا سوامی مندر جائیں گے اور پوجا کریں گے۔ اس کے بعد وہ پارٹی کی طرف سے موسی ندی کو خوبصورت بنانے کی حمایت میں منعقد کی جانے والی واک تھان میں شرکت کریں گے۔اس موقع پر وہ کسانوں اور دیگر طبقات کے لوگوں سے بھی ملاقات کریں گے جو موسی ندی کی آلودگی سے متاثر ہیں۔اس دوراان بھونگیر کے رکن پارلیمنٹ کرن کمار ریڈی ۔مقامی رکن اسمبلی انیل کمار۔اور مقامی پارٹی قائدین کے ساتھ واک تھاان ٹریک کا دورہ کیا اور انتظامات کی نگرانی کی۔

HARISH

بھارت راشٹرا سمیتی بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راو نے آج الزام لگایا کہ راہول گاندھی اور ریاستی کانگریس حکومت تلنگانہ کے نوجوانوں کو گمراہ کررہی ہے۔اس موقع پر انہوں نے تلنگانہ پبلک سرویش کمیشن ( ٹی جی پی ایس سی ) کی امتحانات منعقد کرنے میں ناکامیوں کا بھی تذکرہ کیا۔ جہاں امتحانات کی ملتوی کا مطالبہ کرنے والے نوجوانوں کو پولیس نے حراست میں لیا تھا۔سوشیل میڈیا پوسٹ ایکس پر سابق وزیر نے کانگریس کے پرجاپالانا پر بھی تنقید کی اور طنز کیا اور کہا کہ کیا طلبا کو گرفتار کرنا ہی حکومت کا کام ہے۔

DAMODAR

ریاستی وزیر صحت داموددرراج نرسمہا نے آج بالانگر میں لائنس آئی اسپتال ۔آنکھوں کے دواخانے کا سنگ بنیاد رکھا۔ جو ڈھائی کروڑ روپئے کی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔داموددرراج نرسمہا نے وائی کشن راو لائنس آئی ہاسپٹل کے انتظامیہ کو عوام کی گذشتہ چالیس سالوں

سے غیر معمولی خدمات پر ستائش کی۔اورانہیں مبارکباد دی۔

KTR

بی ارایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راماراو نے آج ریاستی حکومت سے آٹو رکشا ڈرائیوروں کے حالت زار کو بہتر بنانے کے لئے فوری اقدامات کرنے کا حکومت سے مطالبہ کیا۔ حیدرآباد کے دھرنا چوک پر تمام سیاسی جماعتوں سے وابستہ آٹو ڈرائیور یونیوں کے ذریعہ منعقد ہونے والے ایک مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کانگریس حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد سے تقریباً ساڑھے چھ لاکھ آٹو ڈرائیوروں کی بگڑتی ہوئی حالات زار کا تذکرہ کیا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ ریاستی حکومت نے خواتین کے لئے مفت آر ٹی سی بس سفر کا آغاز کیا ہے۔لیکن آٹو ڈرائیوروں سے کئے گئے وعدوں کو نظر انداز کر دیا۔ کانگریس نے آٹو ڈرائیورس ویلفر بورڈ کے قیام کے علاوہ ہر ماہ ایک ہزار روپئے مالی امداد کا بھی وعدہ کیا تھا۔انہوں نے یاددلایا اور حکومت پر زور دیا کہ وہ آٹو ڈرائیوروں کے جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور کریں اوران کے لئے فلاحی اقدامات کئے جائیں۔

PROTEST

آج شمس آباد میں سیکوریٹی انتظامات اس وقت سخت کر دیئے گئے جب یہاں ایئر پورٹ کالونی میں عبادت گاہ میں دیوی دیوتاوں کی بے حرمتی کا واقعہ سامنے آیا۔ آج صبح جب مندر کے پجاری اور عقیدت مند مندر پہونچے اور بے حرمتی کا پتہ چلانے پر پولیس کو اطلاع دی گئی۔ پولیس نے فوری طور پر حالات کا جائزہ لیا اور مقدمہ درج کرتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ بعدازاں مقامی لوگوں اور ہندو تنظیموں کے کارکنوں نے احتجاج کیا اور مجرموں کو فوری گرفتار کرنے اور سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا۔احتجاجیوں نے کہا کہ اکثر اس طرح کے واقعات کے بعد پولیس مجرموں کو پاگل قرار دینے کی کوشش کرتی ہے مقامی مذہبی تنظیموں نے کل اس واقعہ کے خلاف شمس آباد میونسپالٹی میں بند منانے کا اعلان کیا ہے۔

TRAFFIC

حیدرآباد ٹریفک پولیس نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے رائش ڈرائیورس اور گاڑی چلانے والوں پر نظر رکھنے کے لئے خصوصی مہم کا آغاز کیا ہے۔اسی طرح المناک سڑک حادثات کو روکنے کے لئے اور ہلیمٹ کے اصول کی صد فیصد تعمیل کو یقینی بنانے ٹریفک پولیس آج سے ہلیمٹ نہ پہننے والے اور دو پہیہ گاڑیوں ۔اور غلط راستے ۔ یا سمت کے خلاف گاڑی چلانے والوں کے خلاف خصوصی مہم شروع کررہی ہے۔ پولیس کے مطابق حیدرآباد پولیس کمشنریٹ حدود میں گذشتہ تین دنوں کے دوران سڑک حادثوں میں تین افراد صرف ہلیمٹ نہ پہننے کی وجہ سے فوت ہوئے ہیں۔ پولیس نے کہا کہ ہلیمٹ نہ پہننے والوں کی حادثوں میں اموات کا فیصد چھیالیس ہے۔ پولیس نے یہ بھی بتایا کہ ہلیمٹ پہننے سے سر کو چوٹ لگنے کا خطرہ ستر فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔

RAHULL

کانگریس قائد ورکن پارلیمنٹ راہول گاندھی آج شام حیدرآباد پہونچے۔ بیگم پیٹ ایئر پورٹ پر چیف منسٹر ریونت ریڈی۔ ریاستی وزراء۔

اور دیگر قائدین نے ان کا استقبال کیا۔ راہول گاندھی آج گاندھین آئیڈیا لوجی سنٹر بوئن پلی میں منعقد ہونے والے ذات پات کی مردم شماری سے متعلق ایک اہم اجلاس میں شرکت کریں گے۔

TTD

ٹی ٹی ڈی اس مہینے کی گیارہ تاریخ سے سترہ تاریخ تک منا گوڈی۔ تہوار منائے گا۔ آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے منتخب شیو مندروں میں ہندو دھرم پرچار پریشد۔ ایچ ڈی پی پی۔ کے زیر اہتمام یہ تہوار منایا جائے گا۔ اس کے ایک حصے کے طور پر آندھرا پردیش کے چھبیس اور تلنگانہ کے تینتیس اضلاع میں سات دنوں تک مختلف مذہبی تقاریب منعقد کی جائیں گی۔ اس ماہ کی پندرہ تاریخ کو ایک بڑا مذہبی پروگرام بھی منعقد ہو گا۔